محمود ٹیکسٹائل ملزلمیٹڈ

# اطلاع سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ''محمود ٹیکسٹائل ملزلمیٹڈ'' ( کمپنی ) کا 54واں سالانہ اجلاس عام (AGM) بروز پیر مورخہ 28 اکتوبر 2024 کو صبح 00-11 بجے اس کے رجسٹرڈ/ہیڈ آفس، مہر منزل، لوہاری گیٹ ملتان میں اور بذریعہ ویڈیو لنک مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

1۔ 28 اکتوبر 2023ء کو کمپنی کے منعقدہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ سال مختتمہ 30 جون 2024ء کے آڈٹ شدہ حسابات کمپنی کے چیئرمین' ڈائریکٹروں اور آڈیٹروں کی سفارشات پر غور وخوض اور منظوری۔
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 کے تحت اور SRO نمبر 2023/(1)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کی شرائط کے مطابق کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کو کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے جسے درج ذیل لنک اور QR فعال کوڈ استعمال کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔

3۔ سال 25-2024 کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز کروحسین چوہدری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس لاہور نے اہل ہونے پر دوبارہ تقرری کے لیے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

4۔ چیئرمین کی اجازت سے دوسرے امور جو میٹنگ میں پیش ہوں۔

بحکم بورڈ — ملتان

لیاقت علی ڈولا۔ کمپنی سیکرٹری — بتاریخ 07 اکتوبر 2024

## نوٹس:۔

### 1: کتب کی بندش:

کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتب بروز پیر 21 اکتوبر 2024 سے بروز پیر 28 اکتوبر 2024 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ حصص کی منتقلیاں جو کہ مورخہ 21 اکتوبر 2024 تک کاروباری اوقات کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس میسرز حمید مجید ایسوی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ 7 بنک سکوائر، لاہور میں پہنچ جائیں۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹنگ کے لیے شمار ہوں گی۔ انگریزی اور اُردو زبانوں میں پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

### 2: پراکسی کا تقرر:

میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر کمپنی کے کسی دوسرے ممبر کو شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنی جگہ پراکسی کے طور پر مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کا تقرر کرنے والے ممبر کی طرف سے پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہوں یا نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ کاپی میٹنگ کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں پہنچ جانا چاہئے۔ پراکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ ایک کمپنی یا کارپوریشن کمپنی کی رکن ہونے کے ناطے میٹنگ میں شرکت اور ووٹنگ کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد کے ذریعے ایک نمائندہ مقرر کرسکتی ہے۔

### 3: سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت:

ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے لیے ممبران اور ان کے پراکسیز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے نام کے ساتھ درج ذیل معلومات، ان کے نام پر مختص حصص کی تعداد اور اُن کا فولیو نمبر، CNIC کی ایک کارآمد کاپی (دونوں اطراف) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی کے ساتھ درج ذیل معلومات بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی (کارپوریٹ شیئر ہولڈر کی صورت میں) بذریعہ ای میل liaqat.cs@mahmoodgroup.com پر فراہم کر کے خود کو رجسٹر کرائیں۔ ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر ہونے والے شیئر ہولڈرز کو مذکورہ ای میل ایڈریس پر کمپنی کی طرف سے ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت میٹنگ کے آغاز سے اس کی کارروائی کے اختتام تک دستیاب رہے گی کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132 کی دفعات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ سہولت فراہم کی جائے گی۔

| ممبر/پراکسی ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر/شرکت کنندہ کا آئی ڈی /اکاؤنٹ نمبر | تعداد شیئرز | فون نمبر/واٹس ایپ نمبر | ای میل آئی ڈی |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

4: جن اراکین نے اپنے حصص سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("CDC") میں جمع کرائے ہیں، انہیں پاکستان سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کے 2000 کے سرکلر نمبر 1 کی روشنی میں مزید قابل اطلاق رہنما خطوط پر عمل کرنا ہوگا۔

5: اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔ نام اور پتہ نوٹس کے نمبر شمار 1 میں درج ہے۔

### 6: اُن شیئر ہولڈر کے لئے اطلاع جنہوں نے CNIC فراہم نہیں کیا ہے :

وہ شیئرز ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنے CNIC فراہم نہیں کیے ہیں انہیں ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے CNIC کی دونوں طرف کی مصدقہ کاپیاں براہ راست شیئر رجسٹرار کو نوٹ نمبر 1 میں دیے گئے پتے پر فراہم کریں۔ شیئرز ہولڈرز سے مزید درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا 24 ہندسوں پر مشتمل IBAN بینک اکاؤنٹ نمبر براہ راست ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں تاکہ منافع اگر کوئی ہو تو ان کے بینک اکاؤنٹس میں بھیجا جاسکے۔ مزید واضح کیا جاتا ہے کہ موجودہ لاگو ٹیکس کٹوتی ڈیویڈنڈ کی رقم پر لاگو ہوگی۔

### 7: کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر دعویٰ شدہ منافع جات/حصص:

وہ شیئر ہولڈرز جو کسی بھی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ کا دعویٰ نہیں کرسکے ان سے گذارش ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع کی بابت ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور سے رابطہ کریں۔ غیر دعویدار ڈیویڈنڈ کی فہرست کمپنی کی ویب سائٹ www.mahmoodtextile.com پر دستیاب ہے۔

### 8: فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق تمام موجودہ کمپنیوں کو اپنے فزیکل شیئرز بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا ضروری ہے۔ جس کی مدت ''دی کمپنیز ایکٹ 2017 کے آغاز سے چار سال سے زائد نہ ہو۔
سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر CSD/ED/misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے ہدایت کی ہے کہ لسٹڈ کمپنیاں اپنے اُن ممبران کو جن کے پاس فزیکل شیئرز ہیں بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔

لہٰذا ہم ''محمود ٹیکسٹائل ملزلمیٹڈ'' ایسے تمام ممبران سے جو فزیکل شیئرز رکھتے ہیں درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنے حصص کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ اس مقصد کے لیے وہ جس قدر جلد ممکن ہو ''سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ'' یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کسی فعال ممبر/ اسٹاک بروکر سے ''سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ'' کے ساتھ اکاؤنٹ کھولنے کے لیے رابطہ کرسکتے ہیں۔

### 9: الیکٹرونک ووٹنگ:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 145-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن 2018 ("ضابطے") کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت کاروباری طریقے اور ضوابط میں موجود شرائط کی روشنی میں ہر لسٹڈ کمپنی کے اراکین کو الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق دیا جائے گا۔
اس کے تحت "محمود ٹیکسٹائل ملزلمیٹڈ" کے اراکین کو مذکورہ ضابطوں میں موجود شرائط کے ساتھ ضرورت کے مطابق الیکٹرانک ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے یا خصوصی کاروبار کے لیے ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی اجازت دی جائے گی۔

### 10: سالانہ رپورٹس اور نوٹس کی الیکٹرانک ٹرانسمیشن:

30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات/ سالانہ رپورٹ اور میٹنگ کا نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر ڈال دیا گیا ہے، جسے درج ذیل لنک اور QR فعال کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:۔
سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے ایس آر او نمبر (1) 389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ اپنے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بھیجیں۔ کمپنی سالانہ مالیاتی گوشواروں کو ممبر کی طرف سے کمپنی کو فراہم کردہ ای میل ایڈریس کے ذریعے بھیجے گی اگر یہ ممبر کی طرف سے کمپنی کو فراہم کر دیا گیا ہوگا تو اور حصص یافتگان کو اُن کے مطالبہ پر کمپنی کی ویب سائٹ www.mahmoodtextile.com پر دستیاب پُر شدہ درخواست فارم پر سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپیاں مفت فراہم کرے گی۔

## پراکسی فارم

میں/ہم .................. آف .................. محمود ٹیکسٹائل ملزلمیٹڈ کا ممبر ہونے کی حیثیت سے .................. عمومی شیئر رکھتے ہیں۔ لہٰذا مسٹر/مسز/مس .................. آف .................. یا بصورت دیگر ان کے .................. آف .................. بصورت میری/ہماری عدم شرکت ہماری ذمہ داری پر کمپنی کے رجسٹرڈ/ہیڈ آفس، مہر منزل، لوہاری گیٹ ملتان میں بروز پیر مورخہ 28 اکتوبر 2024 کو منعقد ہونے والے 54ویں سالانہ اجلاس عام (AGM) میں بطور میرے/ہمارے پراکسی شرکت اور میرے/ہمارے لئے ووٹ دینے کے لئے مقرر کئے جاتے ہیں۔

بطور گواہ میرے/ہمارے دستخط/مہر ثبت شد۔ امروز .................. آف .................. 2024

دستخط ممبر ..................

رُوبرُو جناب ..................

دستخط .................. دستخط ..................

نام .................. نام ..................

پتہ .................. پتہ ..................

| | | |
|---|---|---|
| فولیو نمبر | سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | |
| | شرکت کنندہ کا شناخت نامہ | اکاؤنٹ نمبر |
| | | |

دستخط لازمی طور پر CNIC کے مطابق ہونے چاہئیں